SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر 1 مجریہ ۱۹۹۶

SINDH ACT NO.I OF 1996

سندھ رجسٹریشن آف گڈاونز ایکٹ، 1995

THE SIND REGISTRATION OF GODOWNS ACT, 1995

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ تعریف
Definitions
۳۔ ضروری اشیاء کی ذخیرہ اندوزی
Stocking of essential articles
۴۔ گودام کی رجسٹریشن
Registration of Godown
۵۔ ریکارڈ کی دیکھ بھال اور معائنہ
Maintenance and inspection of records
۶۔ تلاش کا اختیار
Power of search
۷۔ اپیل
Appeal
۸۔ جرمانہ
Penalty
۹۔ ضوابط بنانے کا اختیار
Power to make rules

۱۰۔ سندھ آرڈیننسX 1995 کی منسوخی
Repeal of Sindh Ordinance X of 1995

سندھ ایکٹ نمبر 1 مجریہ ۱۹۹۶

SINDH ACT NO.I OF 1996

سندھ رجسٹریشن آف گڈاونز ایکٹ، 1995

THE SIND REGISTRATION OF GODOWNS ACT, 1995

[15 جنوری ۱۹۹۶]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس سے صوبہ سندھ میں گوداموں کی رجسٹریشن کی جائے گی۔

جیسا کہ عوامی مفاد کو نظر میں رکھتے ہوئے صوبہ سندھ میں گوداموں کی رجسٹریشن کی جائے ؛

جس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو سندھ گوداموں کی رجسٹریشن ایکٹ، 1995 کہا جائے گا۔

(۲) اسکا اطلاق پورے سندھ پر ہوگا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

تعریف
Definitions

۲۔ اس ایکٹ میں، جب تک کچھ مضمون یا مفہوم کے برعکس نہ ہو:

(i) "ضروری اشیاء" سے مراد حکومت کی جانب سے ضروری قرار دی گی اشیاء؛

(ii) "گودام" سے مراد ایسی جگہیں جہاں پر

ضروری اشیاء کی ذخیرہ اندوزی کی جا سکے بشمول وئیر ہاؤسز اور سردخانہ یا ڈپو؛

(iii) "حکومت"سے مراد حکومت سندھ؛

(iv) "مالک" سے مراد گودام کا مالک بشمول وہ آدمی جس کے پاس گودام کا انتظام ہو؛

(v) "طئے شدہ" سے مراد اس ایکٹ کے تحت بنائے گے قواعد کے مطابق طئے شدہ؛

(vi) "رجسٹرنگ اتھارٹی" سے مراد ڈائریکٹر جنرل برائے فراہمی و اشیاء اور قیمتی یا کوئی اور عملدار جسے حکومت کی طرف سے نامزد کیا ہے؛

ضروری اشیاء کی ذخیرہ اندوزی
Stocking of essential articles

گودام کی رجسٹریشن
Registration of Godown

۳۔ (۱) کوئی ضروری شے تب تک گودام میں محفوظ یا ذخیرہ نہیں ہوگی جب تک و ہ گودام اس ایکٹ کے مطابق صوبے میں رجسٹر ڈ نہ ہو۔

۴۔ (1) مالک اس ایکٹ کے اطلاق کے 30 دن کے اندر گودام پہلے سے موجود ہونے کی صورت میں ساٹھ دن کے اندر رجسٹرنگ اتھارٹی کو دیئے گئے طریقہ کاراور ہدایات کے مطابق گودام کی رجسٹریشن کے لئے درخواست بھیجے گا۔

(۲) رجسٹرنگ اتھارٹی موصول شدہ درخواست کی بنیاد پر کچھ انکوائری کرے گی، اور حسب ضرورت مالک سے معلومات لے گی، جیسے مناسب سمجھے۔

ریکارڈ کی دیکھ بھال اور معائنہ
Maintenance and inspection of records

(۳) اگر رجسٹرنگ اتھارٹی کی جانے والی انکوائری کے حوالے سے مطمئن ہو کہ درخواست میں شامل معلومات یا مالک کی جانب سے دی گئی تفصیلات کو درست پائے تو وہ گودام کو رجسٹر کرے گی۔

تلاش کرانے کا اختیار
Power of search

(4) مالک جس کا گودام رجسٹر ہو چکا ہو وہ اس ایکٹ کے تحت بنائی گئی ہدایات و قوانین، کی تعمیل کا پابند ہوگا۔ یا گودام میں ضروری اشیاء کی ذخیرہ اندوزی کے حوالے سے رجسٹرنگ اتھارٹی کی طرف

سے دی جانے والی ہدایات کا پابند ہوگا۔

اپیل
Appeal

۵۔ مالک گودام میں ذخیرہ کی گئی یا ہٹائی گئی اشیاء کا ریکارڈ، اکائونٹ بکس وغیرہ کی دیکھ بھال کرے گا، اور رجسٹرنگ اتھارٹی کی جانب سے طلب کرنے کی صورت میں معائنے کے لئے پیش کرے گا۔

پینلٹی جرمانہ
Penalty

٦۔ رجسٹرنگ اتھارٹی اس ایکٹ کے تحت رجسٹر کئے گئے گودام میں داخل ہو کر تلاشی لے سکتی ہے اور کوئی بھی چیز ضبط کر سکتی ہے اگر اتھارٹی یہ دیکھ کہ مالک کی جانب سے دی گئی معلومات درست نہیں یا رجسٹرنگ اتھارٹی کی جانب سے دی گئی ہدایات کے خلاف ورزی کا مرتکب ہوا ہے یا ہونے والا ہے۔

ضوابط بنانے کا اختیار
Power to make rules

۷۔ رجسٹرنگ اتھارتی کے حکم سے متاثر شخص تیس دن کے اندر حکومت کو اپیل کر سکتا ہے، اور پھر حکومت کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

سندھ آرڈیننس X 1995 کی منسوخی
Repeal of Sindh Ordinance X of 1995

۸۔ جو کوئی بھی شخص اس ایکٹ کی کسی شق یا رجسٹرنگ اتھارٹی کی جانب سے دیئے گئے احکامات کی خلاف ورزی کا مرتکب پایا گیا، سزا کا حقدار ہوگا، قید کی سزا کا عرصہ ایک سال تک ہو سکتا ہے اور جرمانہ ایک ہزار تک ہوگا۔

۹۔ حکومت اس ایکٹ پر عمل درآمد کے لئے قواعد بنا سکتی ہے۔

۱۰۔ سندھ گوداموں کی رجسٹریشن آرڈیننس، 1995 کو منسوخ کیا جاتا ہے۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔